بہادر شاہ ظفرؔ

سراج الدین نام، ظفر تخلص، تیموری سلاطین ہند میں آخری بادشاہ تھے۔ ۱۷۷۵ء میں دہلی میں شاہی محل میں پیدا ہوئے۔ ظفر نے اُردو زبان کے جس ماحول میں آنکھ کھولی وہ اپنے جملہ عیب و ہنر کے ساتھ ساتھ شاعری کی تاریخ میں ایک نہایت اہم اور دلچسپ دور تھا۔ قلعہ معلّیٰ میں دن رات شعر و شاعری کی محفلیں گرم رہتیں۔ ان محفلوں میں نصیرؔ، ذوقؔ، ممنونؔ، مومنؔ، غالبؔ، تسکینؔ، شیفتہؔ جیسے شاعر شریک ہوتے تھے۔ جن کی شاعری نے زمینِ سخن کو آسمان تک پہنچا دیا تھا۔ نوعمری ہی سے ظفر کے لئے یہ محفلیں دلچسپیوں کا باعث بنی رہیں۔ ظفرؔ نے ان میں خوب خوب حصہ لیا۔ فطری لگاؤ کے باعث یہ مشغلہ آخری دم تک قائم رہا۔

ظفرؔ شاعری میں پہلے تو شاہ نصیرؔ کے شاگرد ہوئے، پھر بیقرارؔ، پھر ذوقؔ اور اس کے بعد غالبؔ کے شاگرد ہوئے اور ۱۸۵۷ء تک غالبؔ ہی سے اصلاح لیتے رہے۔ ۱۸۵۷ء کے انقلاب نے سلطنت کا شیرازہ بکھیر دیا اور اس کے ساتھ وہ بزمِ سخن درہم برہم ہوگئی۔ بہادر شاہ ظفرؔ کو زندگی کے آخری ایام میں رنگون میں قید کر دیا گیا اور وہیں بہ حالت اسیری ۱۸۶۲ء میں ان کا انتقال ہوا۔

غزل

(بہادر شاہ ظفرؔ)

مقاصدِ تدریس

۱۔ طلبہ میں شاعری کا ذوق اُبھارنا۔

۲۔ اُردو شاعری میں بہادر شاہ ظفرؔ کا مقام۔

۳۔ جنگِ آزادی کے دوران ہونے والی تباہی سے طلبہ کو آگاہ کرنا۔

مشکل الفاظ: بگولا ، چٹیل ، سنگ ریزے ، سیم پر ، شغال ، یاقوت

جہاں ویرانہ ہے، پہلے کبھی آباد گھر یاں تھے
شغال اب ہیں جہاں رہتے، کبھی بستے بشر یاں تھے

جہاں چٹیل ہے میداں اور سراسر ایک خارستاں
کبھی یاں قصر و ایواں تھے، چمن تھے اور شجر یاں تھے

جہاں پھرتے بگولے ہیں اُڑاتے خاک صحرا میں
کبھی اُڑتی تھی دولت، رقص کرتے سیم پر یاں تھے

جہاں ہیں سنگ ریزے، تھے یہاں یاقوت کے تودے
جہاں کنکر پڑے ہیں اب، کبھی رُلتے گُہر یاں تھے

جہاں سنسان اب جنگل ہے اور ہے شہر خاموشاں
کبھی کیا کیا تھے ہنگامے یہاں اور شور و شر یاں تھے

جہاں اب خاک پر ہے نقش پائے آہوئے صحرا
کبھی محوِ تماشا دیدۂ اہلِ نظر یاں تھے

ظفرؔ! احوال عالم کا کبھی کچھ ہے، کبھی کچھ ہے
کہ کیا کیا رنگ اب ہیں اور کیا کیا پیشتر یاں تھے

مشق

۱۔ شاعر نے غزل کے تیسرے شعر میں ماضی کے احوال عالم کا جو نقشہ کھینچا ہے اُسے اپنے الفاظ میں لکھیں۔

۲۔ غزل کے چوتھے شعر کی تشریح کریں۔

۳۔ درج ذیل الفاظ پر اعراب لگا کر تلفظ کی وضاحت کریں۔

ویرانہ، تودے، سنسان، چٹیل، یاقوت

۴۔ شاعر نے غزل میں درج ذیل تراکیب کو جس مفہوم میں استعمال کیا ہے ان کی وضاحت کریں۔

خاکِ صحرا، نقشِ پا، محوِ تماشا، شہرِ خاموشاں، آہوئے صحرا

۵۔ اس غزل میں استعمال کیے گئے مختلف قافیوں کی نشاندہی کریں۔

مجاز مرسل:۔ وہ لفظ ہے جو اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوا ہو اور حقیقی و مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق نہ ہو مثلاً یہ کہنا کہ "نہر بہہ رہی ہے" حالانکہ نہر نہیں بہتی بلکہ پانی بہتا ہے۔ گویا نہر کہہ کر پانی مراد لیا گیا ہے۔ دونوں معنوں میں تعلق ضرور ہے یعنی پانی اور نہر میں ایک تعلق ہے۔

۶۔ مجاز مرسل کی تعریف کریں۔

سرگرمی

بہادر شاہ ظفر کی شاعری سے دو غزلوں کا انتخاب کرکے اپنی کاپی میں لکھیں۔

اشاراتِ تدریس

۱۔ اساتذہ طلبہ کو اُردو شاعری میں غزل کی اہمیت مختصراً بتائیں۔ ۲۔ بہادر شاہ ظفر کے اسلوب شاعری سے متعارف کروائیں۔
۳۔ طلبہ کو تراکیب، تشبیہات بتائیں۔

فرہنگ

اسلام میں گداگری کی مذمت

الفاظ	معنی
اپاہج	معذور، لولا لنگڑا
ادنیٰ تامل	معمولی سوچ بچار
استطاعت	طاقت
اسراف	فضول خرچی
اقتصادیات	مالیات
اضطراری	پریشانی
انسداد	روکنا
الوالعزمی	پکا ارادہ
اندوختہ	جمع کیا ہوا
باز رکھنا	روکنا
بہ ایں ہمہ	ان سب کے باوجود
بیخ کنی	جڑ کاٹنا
ڈھٹائی	بے شرمی
ذریعہ معاش	روزی کا ذریعہ
ذم	برائی
سم قاتل	ہلاک کر دینے والا زہر
فحوائے کلام	بات کرنے کا طریقہ
فقہ	شریعت کا علم، علمِ دین
کفرانِ نعمت	نعمت کا انکار کرنا
گداگری	بھیک مانگنا
مستجاب الدعوات	جس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں
مستحقین	حقدار لوگ

الفاظ	معنی
مدح	تعریف
مذمت	برائی
موجب	سبب
منطق	علم و دلیل (وہ علم جو منطقی دلائل سے بات کو ثابت کرے)
مرضِ متعدی	چھوت کی بیماری
مرتکب	کسی کام کا کرنے والا
مہتم بالشان	انتظام کرنے والا
ہمت عالی	بلند ہمت

ہجرت نبوی ﷺ

الفاظ	معنی
اشتہار	اعلان کی غرض سے چھپا ہوا کاغذ
بے تابی	بے قراری
تڑکے	منہ اندھیرے، صبح سویرے
جاں نثار	جان قربان کرنے والا
جبلِ نور	روشنی کا پہاڑ، ایک پہاڑ کا نام ہے
جھٹ پٹ	فوراً، بہت جلد
جھنکار	کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز
حرم	شرفاء کا زنان خانہ
دار الامان	وہ مقام جہاں امن ہو
دھنس گئے	گھس گئے
دستور	رواج
روسا	امیر لوگ
فدا	قربان

الفاظ	معنی
عقلیت	عقل سے کام لینا
عزم	ارادہ
عداوت	دشمنی
فرشِ گل	پھولوں کی زمین
کارساز	کام سنوارنے والا
گراں بہا	قیمتی
قضا	تقدیر، قسمت
محبوس	قید
موافق	مطابق
مؤرخانہ	تاریخ لکھنے والوں کی طرح
معیوب	بُرا
وجودِ اقدس	مراد حضور ﷺ
ہمہ تن گوش	پوری توجہ سے سننا

سیرِ زندگی

الفاظ	معنی
ادراک	فہم، سمجھ، عقل
ادنیٰ	معمولی
اضطراب	پریشانی
انبوہ	ہجوم
انواع و اقسام	طرح طرح کے
آفتوں	مصیبتوں
بادِ مراد	تمنا پوری کرنے والی ہوا
باہم	آپس میں
بے لاگ	بے غرض
بہتیرے	بہت سے
پختہ سال	بوڑھے
چابک دست	ہوشیار، ماہر
چھوئی موئی	جو چھونے سے مرجائے
چمن کے لہلہے	باغ کی رونق
حاجت	ضرورت
حواس ٹھکانے ہونا	ہوش و حواس درست ہونا
خلعتِ فاخرہ	انعامی لباس
داد بیداد	فریاد، دہائی
دق	پریشان، تنگ ہونا
درکنار	جدا، الگ
رفاقت	ساتھ دینا
سکت	طاقت، ہمت
ضرب رسیدہ	چوٹ کھایا ہوا
طراوت	تازگی
غارت	تباہ
کوتاہ اندیشی	لاپرواہ
کُہر	دھند
گرداب	بھنور، پانی کے درمیان کا چکر جو انسان کو ڈبو دیتا ہے
ناخدا	ملاح، کشتی چلانے والا
عصا	لاٹھی

ایثار

الفاظ	معنی
آنکنا	تخمینہ لگانا، اندازہ کرنا
اِجت	عزت
ارادت مند	اعتقاد/خواہش رکھنے والا
اودھم مچانا	شور مچانا
ایثار	قربانی
باز آنا	توبہ کرنا، کسی بات کو چھوڑنا

الفاظ	معنی
بعینہٖ	بالکل ویسے ہی
بلائیں لینا	صدقے جانا، نثار ہونا
بنیا	آٹا دال بیچنے والا دکاندار
پنڈ چھڑاؤ	جان چھڑاؤ
پیادہ	پیدال سپاہی، پیدل چلنے والا
پیرومرشد	ہادی، رہنما
تلوا	پاؤں کا نچلا حصہ
تمازت	گرمی
تہی دست	خالی ہاتھ، مراد غریب
دست گیری	مدد
حلقۂ مریداں	مریدوں کا دائرہ
دفعتاً	اچانک
ڈگری جاری کرانا	عدالت سے حکم جاری کرانا
دھاڑیں مار مار کر رونا	زار و قطار رونا
زمین میں گڑ جانا	نہایت شرمندہ ہونا
شادی مرگ	ایسی موت جو بے حد خوشی کی وجہ سے واقع ہو
ضبط	برداشت
فارغ خطی	بے باقی کی رسید
گلوری	پان کا بیڑا
للہ	خدا کے نام پر
ناتا	تعلق
تاوان	قرضہ
نوج	خدا نہ کرے (کلمہ پناہ)
مندا	ڈھیلا، کمزور
وقعت	اہمیت

جموں میں پلیگ

الفاظ	معنی
ادھ موئے	نیم مردہ
اُڑن کھٹولا	اُڑنے والا تخت
اغیار	غیر، دشمن
آزردہ	غمگین
بذلہ سنج	ہنس مکھ
بیلنس	برابری
بھاؤ	قیمت
پاکٹ منی	جیب خرچ
پلیگ	طاعون، خطرناک مرض جو چوہوں سے لگتا ہے
پسار کر	پھیلا کر
پھنکارا	پھونک/ سانپ کا سانس لینا
پیپا	کنستر، ڈبہ
چنری	رنگ برنگا دوپٹہ
چھوت چھات	چھونے سے پھیلنے والی بیماری
خبر گیری	دیکھ بھال
دھتکارنا	جھڑکنا، غصہ کرنا
راج محل	راجہ کا محل
شانِ نزول	قرآنی آیات کے اُترنے کا موقع
ستو	بھنے ہوئے جَو کا آٹا
طشتری	چھوٹی تھالی
عضوِ معطل	ناکارہ
گلٹی	رسولی، غدود
گورکن	وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنا ہو
متین و فطین	سنجیدہ مزاج، ذہین
نیاز	نذر، چڑھاوا
مسمار	گرانا، منہدم کرنا
وضعدار	اپنے طور طریقے پر رہنے والا
ہانک لگانا	آواز لگانا

الفاظ	معنی
ہراس و وسواس	اندیشے میں رہنے والا

مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

الفاظ	معنی
احسان فراموش	احسان بھولنے والا
اسٹیج	تقریر
بادلِ نخواستہ	نہ چاہتے ہوئے بھی
بھڑ بھڑایا	منہ میں بھڑ بھڑ کرنا
بشاشت	تازگی
تخلیہ	تنہائی
حالتِ زار	بُری حالت
حرج	نقصان، ضرر
حیلے حوالوں	بہانوں سے
خلقت	فطرت، پیدائش
ریویو	تبصرہ
سرگرداں	حیران و پریشان
صدا	آواز
شور و شغب	شور وغل، ہنگامہ
شقی القلب	سنگدل
رونے بسورنے	رونے پیٹنے
غریب الوطن	پردیسی
ماتھا ٹھنکا	وقت سے پہلے خبردار ہونا
مذمت	برائی
مصافحہ	ہاتھ ملانا
محظوظ	خوش و خرم، مسرور
مسخ	خراب
قفس کاغذ میں بند کرنا	کاغذ پر تحریر کرنا

الفاظ	معنی
نب ندارد	نب موجود نہیں
نچلا نہیں بیٹھنا	آرام سے نہ بیٹھنا

شہید

الفاظ	معنی
اُداس	غمگین
اُدھیڑ عمر	زیادہ عمر، بوڑھا
افسردہ	غمگین
بدستور	مسلسل، لگاتار
پلو	دامن، کنارا، آنچل
چھدری	بکھری ہوئی، جو گھنی نہ ہو
دراڑیں	درز
دستک	دروازہ، کھٹکھٹانا
ڈھنگ	طریقہ
رخسار	گال، عارض
حلقے	دائرہ
سعادت	نیاز مندی
شفق	سورج کی صبح و شام طلوع اور غروب ہونے کی سرخی
کپکپاہٹ	لرزنا، گھبرانا
قوسِ قزح	وہ سات رنگی کمان جو برسات میں آسمان پر دکھائی دیتی ہے
گھڑی	لمحہ
مدھم	دھیمی
لہو	خون

نام دیو مالی

الفاظ	معنی
اپج	نئی یا نرالی بات
بہارنا	جھاڑو دینا

الفاظ	معنی
باولی	وہ بڑا اور چوڑا کنواں جس میں پانی لینے کی خاطر اُترنے کے لئے سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں تاکہ مسافر پانی پی سکیں
تھاؤلا	درخت کو پانی دینے کے لئے بنایا جانے والا گڑھا
تفویض ہوا	سپرد ہوا
ٹانکا	مضبوط
جھلو	غول، ٹکڑی
جُھلڑ	ہجوم، گروہ
داروغہ	نگراں
درجہ کمال تک	آخری درجے تک
ڈول	کنویں سے پانی نکالنے والی بالٹی
ڈھیر	انبار، ایک جگہ جمع ہونا
رسوئی کا چوکا	چولہے اور اس کے گرد کی جگہ
روش	کیاری
سنچائی	پودوں کو پانی دینا
سیوا	خدمت، دیکھ بھال
سیندھی شراب	کھجور کے رس سے بنائی گئی شراب
کندن	چمکدار
مسکن	ٹھکانہ
منکسر المزاج	عاجزانہ طبیعت والا
محظوظ ہونا	لطف اندوز ہونا
ہمہ تن	پوری توجہ کے ساتھ، بہ غور
یورش	حملہ

مردہ بدست زندہ

الفاظ	معنی
اُجرت	مزدوری
بھیڑ	رش، مجمع
بلیات	بلائیں
پاکھا	دیوار کا کونہ/ قبر کا کنارا
پٹاؤ	کڑی
تفویض	سپرد، حوالے
تنقیح وتنقید	نقص نکالنا، اعتراض کرنا
ٹٹو	چھوٹے قد کا گھوڑا
جائے عبرت	سبق حاصل کرنے کی جگہ
جائے وحشت	خوف کی جگہ
جیا	زندہ
جھاڑ پونچھ	صاف کر کے
چھاج	غلہ صاف کرنے کا آلہ
چھٹکارا	نجات، خلاصی
چال	رفتار
حیات وممات	زندگی اور موت
رسماً	رواج کے مطابق
رنج	دکھ
سقہ	پانی پلانے والا
سِل بٹا	مصالحہ پیسنے والا پتھر
شوفر	کار کا ڈرائیور
عود	ایک قسم کی لکڑی جو آگ میں جل کر خوشبو دیتی ہے
قبر کا تعویذ	قبر کی نشاندہی کیلئے صندوق کی طرح بنایا جانے والا نشان
قلانچیں	چھلانگیں
کمر کمر ہونا	انسانی کمر تک طویل ہونا
کریدنا	کھودنا، کھوجنا

الفاظ	معنی
کانگڑہ	ہندوستان کا ایک شہر جو زلزلے سے تباہ ہوا
کسمپرسی	بُری حالت
لبِ گور	قبر کے کنارے
متمکن	بیٹھے ہوئے
نوبت	ضرورت
وضع داری	شعار، طریقہ

خطوط غالب

(ہرگوپال تفتہ کے نام)

الفاظ	معنی
اختلاط	میل ملاپ
انبساط	خوشی
امور	کاموں کی جانب
اہلِ حرفہ	کاریگر، ماہر
باہم	آپس میں
بلی ماروں	دہلی کے ایک محلے کا نام
بے چراغ	اُجڑے ہوئے
تحویل	قبضے
جنم	زمانہ
زنہار	ہرگز
خواہی	چاہے
غارت دلی	دلی کی تباہی
فتنہ	فساد
کوچہ	گلی
مسکنِ قدیم	پرانی رہائش گاہ
موسوم	لقب، نام رکھا گیا
ناگاہ	یکا یک، اچانک
مبالغہ	جھوٹ

الفاظ	معنی
ہرکارہ	ملازم، ڈاکیہ
مقدور	قدرت، طاقت
ہنود	ہندو کی جمع

(بنام یوسف مرزا)

الفاظ	معنی
امر	کام
ابنائے روزگار	روزگار کے ساتھی
بے سروپا	بے معنی، حیران و پریشان
پرسش	پوچھ گچھ
تجہیز و تکفین	کفن دفن
رزاق	رزق دینے والا یعنی اللہ تعالیٰ
کلیجہ کٹ گیا	دل کو سخت صدمہ پہنچنا
قیدِ حیات	زندگی کی قید
قیدِ فرنگ	انگریزوں کی قید
مقید	قید ہوا
واگزاشت	بحالی

(بنام علاؤ الدین علائی)

الفاظ	معنی
احتمال رفع ہو	شک دور ہو
از کار رفتہ	کام کے قابل نہ رہا
برت نہ سکے	استعمال نہ کر سکے
بہ اندازۂ بایست	اپنے انداز کے مطابق
درماندہ	مصیبت زدہ
داعی	دعویٰ دار
دوشنبہ	سوموار
زبان آور	زبان پر قدرت رکھنے والا آدمی
سعید یا سعیدہ	لفظی معنی خوش نصیب یہاں مراد، بیٹا یا بیٹی
شیراز	ایران کا شہر

الفاظ	معنی
عیار طرار	چالاک، ہوشیار
فحوائے عبارت	تحریر کا انداز
نکبت	افلاس، بدحالی
نئے مہمان	نیا پیدا ہونے والا بچہ
مقہور	جس پر قہر نازل ہو
ماہِ صیام	رمضان کا مہینہ
یک فنہ	ایک فن کا ماہر

حصہ نظم

حمد (مولانا الطاف حسین حالی)

ابد	آخر
ازل	پیدائش، ابتداء
آشنا	واقف، دوست
بیگانگی	اجنبیت
سر دُھننا	سر ہلانا
سکتہ	حیرت
عارف	عقل مند، واقفِ حال
عالم	دنیا
کامل	ماہر
ہر سُو	ہر طرف

نعت (امیر مینائی)

بشر	انسان
جلوہ نما	ظاہر ہونا
روضہء انور	حضورﷺ کا مقبرہ
سلطان	بادشاہ/سب سے بڑا
شاد	خوش
شبِ معراج	وہ رات جب حضورﷺ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کیلئے آسمان پر تشریف لے گئے تھے

الفاظ	معنی
عرشِ بریں	وہ آسمان جہاں اللہ تعالیٰ کا تخت ہے
مشتاق	خواہشمند
مَلک	فرشتے

(نظم) برسات کی بہاریں

ابر	بادل
جل تھل	وہ زمین جہاں بہت زیادہ پانی جمع ہو
جھمجھاہٹ	چمکنا، آب و تاب
کاہی	ہلکا سبز رنگ
گلزار	باغ
قطرات	بارش کے قطرے
ہر آن	ہر گھڑی
ہر جا	ہر جگہ

(نظم) پیوستہ رہ شجر سے

استوار	مضبوط، پائیدار
برگ و بار	درخت کے پتے اور پھل
ڈالی	شاخ، ٹہنی
سحاب	بادل
شاخِ بریدہ	کٹی ہوئی شاخ
طیور	طائر کی جمع، پرندہ
نغمہ زن	نغمہ گانے والا
عہد	زمانہ، وقت

(نظم) نمودِ سحر

بساط	قالین، فرش
حیات	زندگی
دوش	کندھے
سکوت	خاموشی

الفاظ	معنی
سیلِ نور	روشنی کا سیلاب
گدگدا	ہنسی کی کیفیت لانا
گل	پھول
گہر	موتی
نسیم	صبح کی ٹھنڈی ہوا
مہر	سورج
وجود	ہستی، جسم
وفور	کثرت، بہتات

(نظم) دنیا

الفاظ	معنی
آخری آرام گاہ	قبر
اسباب	سامان
املاک	جائیداد
اُلفت	محبت
باج	ٹیکس، خراج
بعدِ فنا	موت کے بعد
بے دردوالم	بغیر درد وغم کے
پیری	بڑھاپا
حلاوت	مٹھاس
خاک کا پیوند	مٹی کا ٹکڑا
خدا جانیے	خدا جانے
راحت	آرام
سدا	ہمیشہ
صاحبِ نوبت	جن کے نام کا ڈنکا بجتا تھا
عاریتی	عارضی، اُدھار
کنج	کونہ
لحد	قبر

الفاظ	معنی
مروت	حُسنِ سلوک
یکساں	ایک جیسی حالت
ہستی	زندگی

غزل (میر تقی میر)

الفاظ	معنی
پسِ دیوار	دیوار کے پیچھے
تلک	تک، آج کل یہ لفظ متروک ہے
جرس	گھنٹی
جلوہ	نظارہ، نمائش
دیار	وطن، شہر
رائیگاں	ضائع
فراق	جدائی
گریہ خونیں	خون کے آنسو رونا
لیک	لیکن، آج کل یہ لفظ متروک ہے
مدعا	مقصد

غزل (خواجہ حیدر علی آتش)

الفاظ	معنی
اسیر	قیدی
برگشتہ	ناراض
پیام بر	پیغام پہنچانے والا، قاصد
حبیب	محبوب
رفو	سینا
رفوگر	سینے والا
شرح	وضاحت
طالع	قسمت

غزل (مرزا غالب)

الفاظ	معنی
پنہاں	چھپا ہوا
جوئے خون	خون کی ندی

الفاظ	معنی
دبستاں	مکتب
روزن	سوراخ
روزن دیوار زنداں ہو گئیں	آنکھیں بے نور ہو گئیں
زنانِ مصر	مصر کی عورتیں
فروزاں	روشن
شامِ فراق	جدائی کی شام
طاقِ نسیاں ہونا	بھلا دینا
ماہِ کنعاں	کنعاں کا چاند مراد حضرت یوسفؑ

غزل (بہادر شاہ ظفر)

الفاظ	معنی
آہو	ہرن
بشر	انسان
تودے	انبار، ڈھیر
چٹیل	جہاں کوئی سایہ دار درخت اور سبزہ نہ ہو
بگولا	مٹی کا گول چکر جو آندھی چلنے سے ہوا میں بن جاتا ہے
سنگ ریزے	پتھر کے ٹکڑے
سیم پر	چاندی جیسے پروں والی، مراد خوبصورت عورتیں
شغال	گیدڑ
گہر	موتی
نقشِ پا	پاؤں کے نشان
یاقوت	ایک قیمتی سرخ پتھر

تمت بالخیر!

جملہ حقوق بحق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ محفوظ ہیں

منظور کردہ صوبائی محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کوئٹہ، پاکستان No. SO (Academic)/ EDN:/ 2-6/ 2276 مورخہ 18 جنوری 2013 بمطابق قومی نصاب 2006، اور نیشنل ٹیکسٹ بک اینڈ لرننگ میٹریل پالیسی 2007، دفتر ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان کوئٹہ بحوالہ مراسلہ نمبر C.B /9023 مورخہ 21 جنوری 2013 اس کتاب کو بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے ناشر سے پرنٹ لائسنس حاصل کر کے سرکاری سکولوں میں مفت تقسیم کے لیے بھی طبع کیا ہے۔ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ اور ناشر کی تحریری اجازت کے بغیر اس کتاب کا کوئی حصہ کسی امدادی کتاب یا گائیڈ وغیرہ میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔

قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد کِشورِ حَسِین شاد باد
تُونشانِ عزمِ عالی شان اَرضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَرزمین کا نِظام قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد

پرچم ستارہ و ہلال رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال

کوڈ نمبر U-IX/336(NP-2007)13 سیریل نمبر

سال اشاعت	ایڈیشن	تعداد	قیمت
2020	اول	34,000	مفت تقسیم